ابتدائی معائنے/جائزے کے لیے نوٹس اور رضامندی

مقصد: کسی ابتدائی معائنے/جائزے کی تجویز کیے جانے کی صورت میں والدین کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرنا اور تجویز کیے جانے والے ابتدائی معائنے/جائزے کو انجام دینے کے لیے والدین کی رضامندی حاصل کرنا۔

بچے کا نام	تاریخ پیدائش	فیملی ریسورسز کو آرڈینیٹر

نوٹس کی وجہ

ESIT پروگرام کے لیے معائنے اور جائزے کی سرگرمیاں انجام دینے سے پہلے ایک معقول وقت میں آپ کو ایک پیشگی تحریری نوٹس دینا ضروری ہے۔ اس بات کا تقاضہ کیا جاتا ہے کہ آپ ذیل میں اپنے دستخط کے ذریعے ان سرگرمیوں کے لیے باخبر ، تحریری رضامندی دیں۔ معائنے اور جائزے کا مقصد آپ اور دیگر ان لوگوں، جنہیں آپ شرکت کرنے کا کہتے ہیں، سے آپ کے بچے کے متعلق معلومات حاصل کرنا ہے؛ آپ کے خاندان کو آپ کے بچے کی نشوونما کے حوالے سے اضافی معلومات دینا ہے؛ آپ کے بچے کی منفرد طاقتوں اور ضروریات اور ان سروسز کی شناخت کرنا ہے، جو ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے درست ہو سکتی ہیں؛ اس بات کا تعین کرنا ہے کہ آیا آپ کا بچہ ESIT پروگرام کے لیے اہل ہے یا نہیں؛ اور یہ کہ اگر آپ کا بچہ اہل ہو، تو آپ کی رضامندی اور شرکت کے ساتھ، ایک تحریری انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) بنانا ہے۔ یہ اس نوٹس کے لیے آپ کا بیان ہے۔

"رضامندی" کا مطلب ہے: (1) آپ کو اس سرگرمی (سرگرمیوں) کے متعلق آپ کی مادری زبان یا ابلاغ کے کسی دوسرے طریقے، بشمول اشاروں کی زبان، بریلی، یا زبانی رابطے کے ذریعے سے تمام معلومات فراہم کر دی گئی ہیں، جن کے لیے رضامندی مانگی گئی ہے (ماسوائے یہ کہ ایسا کرنا ممکن نہ ہو)؛ (2) یہ کہ آپ ان سرگرمیوں کو انجام دیے جانے کو سمجھتے ہیں اور ان سے اتفاق کرتے ہیں؛ (3) رضامندی سرگرمی (سرگرمیوں) کی وضاحت کرتی ہے اور ارلی انٹروینشین کے ان ریکارڈز (اگر کوئی ہوں تو) کو بیان کرتی ہے، جو جاری کیے جائیں گے اور یہ کہ کسے جاری کیے جائیں گے؛ اور (4) آپ کی رضامندی رضاکارانہ ہے اور آپ کسی بھی وقت تحریری طور پر منسوخ کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ رضامندی کو منسوخ کر دیتے ہیں، تو اسکا اطلاق ماضی پر نہیں ہوتا (اس کا اطلاق کسی ایسے عمل پر نہیں ہوتا، جو رضامندی کے منسوخ کیے جانے سے پہلے کیا گیا ہو)۔

مجوزہ عمل

ESIT پروگرام کی پالیسیوں اور عمل درآمد کے مطابق مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے از کم دو اہل افراد (یا دو شعبوں سے تعلق رکھنے والا ایک اہل پیشہ ورانہ ماہر شخص) ایک معائنہ اور جائزہ کریں گے۔ معائنے کی ٹیم کے طور پر آپ کی شرکت کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ اپنے بچے کے بارے میں بہترین طور پر جانتے ہیں اور اپنے بچے کے متعلق اہم معلومات دے سکتے ہیں۔ معائنہ اور جائزہ اس بارے میں ایک جامع نظارہ ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ ادراکی، بڑے حرکات، نفیس حرکات، ابلاغ، سماج-معاشی اور مطابقت پذیری نشوونما اور ساتھ ہی ساتھ بصارت اور سماعت کے شعبوں میں کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے۔ نتائج اس بارے میں نشاندہی کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ ان تمام شعبوں میں کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے اور آیا یہ کہ آپ کا بچہ ESIT سروسز کے لیے اہل ہے یا نہیں۔

وضاحت

مجوزہ معائنے میں کئی عمل درآمد شامل ہوں گے، بشمول معائنے کے ایک آلے کا استعمال، بچے کی تاریخ کے بارے میں جاننا، والدین کا انٹرویو کرنا، خاندان کے دیگر اراکین، نگہداشت کنندگان، طبی یا دیگر پیشہ ورانہ ماہرین سے معلومات جمع کرنا اور طبی، تعلیمی یا دیگر ریکارڈز کی نظرثانی کرنا۔ جائزے کے مجوزہ عمل درآمد آپ کے بچے کی منفرد طاقتوں اور ضروریات اور مناسب ارلی انٹروینشن سروسز کا تعین کریں گے۔ جائزے میں شامل ہو گا: معائنے کے نتائج پر نظرثانی؛ بچے کے بارے میں ذاتی مشاہدات، جائزے کے رسمی اور غیر رسمی طریقوں سے ہر نشوونماتی مقام پر بچے کی ضروریات کی شناخت۔ ESIT فراہم کنندگان آپ کے ساتھ ان طریقوں کے بارے میں بات کریں گے، جو وہ اس معائنے اور جائزے کے لیے استعمال کریں گے۔ آپ کو یہ معائنہ اور جائزہ بغیر کسی خرچ کے فراہم کیا جائے گا۔ نتائج آپ کے بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈز میں رکھے جاتے ہیں۔
معائنے/جائزے کے متعلق کوئی بھی معلومات ESIT پروگرام سے باہر کسی شخص یا ایجنسی کے ساتھ شریک نہیں کی جائیں گی، ماسوائے یہ کہ آپ ایسا کرنے کے لیے تحریری رضامندی دیں۔ IFSP اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ اہل ہے یا نہیں اور آپ کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرے گی، بشمول اہلیت کے تعین کے بارے میں سوالات کھڑے کرنے کا آپ کا حق۔

وقت کے دورانیے *وہ تاریخ جب آپ کے بچے کو ESIT پروگرام کے لیے ریفر کیا گیا تھا۔* ____________

کئی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ٹیم ایک معائنہ/جائزہ مکمل کرے گی اور اگر آپ کا بچہ اہل ہوا اور آپ نے اتفاق کیا، تو آپ کے بچے کو ریفر کیے جانے کی تاریخ کے بعد 45 تقویمی دن کے اندر انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) کی تیاری مکمل کی جانی چاہیے۔ اگر آپ کے خاندان کو 45 دن سے زیادہ اضافی وقت چاہیے، تو یہ بات اہم ہے کہ آپ اپنے فیملی ریسورس کو آرڈینیٹر کو بتائیں۔ IFSP ایک تحریری منصوبہ ہوتا ہے، جو آپ کے بچے اور خاندان کی مسلسل ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کے خاندان اور پیشہ ورانہ ماہرین کے ساتھ شراکت میں تیار کیا جاتا ہے۔ اسے کسی بھی وقت تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ IFSP صرف اس صورت میں لکھا جاتا ہے، اگر آپ کا بچہ سروسز کے لیے اہل ہو۔

رضامندی کا اقرار اور بیان

میں نے اس نوٹس کے ساتھ IDEA (ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، *انڈیویجوئلز وڈ ڈیس ایبلٹی ایکٹ (IDEA) حصہ C پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]) کے حصہ C کے تحت اپنے حقوق*

والدین کا دستخط ____________

اور عمل درآمد کے دوران حفاظتوں کی نقل موصول کر لی ہے۔ میرے لیے ان حقوق اور عمل درآمد کے دوران حفاظتوں کی وضاحت کر دی گئی ہے اور میں انہیں سمجھتا/سمجھتی ہوں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میری رضامندی رضاکارانہ ہے اور یہ کہ میں اس فارم پر دستخط کرنے کے بعد کسی بھی وقت اپنے بچے کا معائنہ نہ کروانے کا انتخاب کر سکتا/سکتی ہوں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اگر میں اس معائنے اور جائزے کے لیے رضامندی نہ دینے کا فیصلہ کروں، تو میرے بچے کا معائنہ یا جائزہ نہیں ہو گا اور اسے ESIT پروگرام کے تحت ارلی انٹروینشن سروسز موصول نہیں ہو سکتی۔

☐ **میں اتفاق کرتا/کرتی ہوں**	☐ **میں اتفاق نہیں کرتا/کرتی**	کہ میں مندرجہ بالا سرگرمی (سرگرمیوں) کو انجام دینے کے لیے ESIT پروگرام کو اپنی باخبر رضامندی دوں

والدین کا نام جلی حروف میں	
والدین کا دستخط	**تاریخ**
موصول کردہ منجانب نام/عہدہ/ایجنسی	**تاریخ**

منسلکہ: واشنگٹن ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجوکیشن ایکٹ (IDEA) حصہ C کے پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]

نوٹ: والدین کو اس فارم کی ایک نقل ملے گی اور ایک دستخط شدہ نقل بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈ میں شامل کی جائے گی۔